روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029
FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 10 جنوری 2009ء 12 محرم 1430 ہجری 10 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 7

اسمائے حسنیٰ کا واسطہ

حضرت عائشہؓ ایک دفعہ یہ دعا کر رہی تھیں کہ اے اللہ! اے رحمان! اے البر الرحیم میں تجھ سے دعا کرتی ہوں اور تجھے تیرے تمام اسمائے حسنیٰ کا واسطہ دیتی ہوں جو میرے علم میں ہیں یا میرے علم سے بالا ہیں کہ تو مجھے معاف کر دے اور مجھ پر رحم کر۔

آنحضرت ﷺ نے یہ دعا سنی تو مسکرائے اور فرمایا اسم اعظم انہی اسماء میں سے ایک ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء باب اسم اللّٰہ الاعظم حدیث نمبر 3849)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا آسمان وزمین کا نور ہے۔ یعنے ہر ایک نور جو بلندی اور پستی میں نظر آتا ہے۔ خواہ وہ ارواح میں ہے۔ خواہ اجسام میں اور خواہ ذاتی ہے اور خواہ عرضی اور خواہ ظاہری ہے اور خواہ باطنی اور خواہ ذہنی ہے خواہ خارجی۔ اسی کے فیض کا عطیّہ ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت رب العالمین کا فیض عام ہر چیز پر محیط ہو رہا ہے اور کوئی اس کے فیض سے خالی نہیں۔ وہی تمام فیوض کا مبدء ہے اور تمام انوار کا علّت العلل اور تمام رحمتوں کا سرچشمہ ہے۔ اسی کی ہستی حقیقی تمام عالم کی قیوم اور تمام زیر و زبر کی پناہ ہی وہی ہے جس نے ہر ایک چیز کو ظلمت خانہ عدم سے باہر نکالا اور خلعت وجود بخشا۔ بجز اس کے کوئی ایسا وجود نہیں ہے کہ جو فی حد ذاتہٖ واجب اور قدیم ہو۔ یا اس سے مستفیض نہ ہو بلکہ خاک اور افلاک اور انسان اور حیوان اور حجر اور شجر اور روح اور جسم سب اسی کے فیضان سے وجود پذیر ہیں۔ یہ تو عام فیضان ہے جس کا بیان آیت اللّٰہ نور السمٰوات والارض میں ظاہر فرمایا گیا۔ یہی فیضان ہے جس نے دائرہ کی طرح ہر یک چیز پر احاطہ کر رکھا ہے جس کے فائز ہونے کے لئے کوئی قابلیت شرط نہیں۔ لیکن بمقابلہ اس کے ایک خاص فیضان بھی ہے جو مشروط بشرائط ہے اور انہیں افراد خاصہ پر فائض ہوتا ہے جن میں اس کے قبول کرنے کی قابلیت و استعداد موجود ہے۔ یعنی نفوس کاملہ انبیاء علیہم السلام پر جن میں سے افضل و اعلیٰ ذات جامع البرکات حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ دوسروں پر ہرگز نہیں ہوتا اور چونکہ وہ فیضان ایک نہایت باریک صداقت ہے اور دقائق حکمیّہ میں سے ایک دقیق مسئلہ ہے۔ اس لئے خداوند تعالیٰ نے اول فیضان عام کو (جو بدیہی الظہور ہے) بیان کر کے پھر اس فیضان خاص کو بغرض اظہار کیفیت نور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ایک مثال میں بیان فرمایا ہے کہ جو اس آیت سے شروع ہوتی ہے۔ مثل نورہ کمشکوۃ .... الخ اور بطور مثال اس لئے بیان کیا کہ تا اس دقیقۂ نازک کے سمجھنے میں ابہام اور دقت باقی نہ رہے۔ کیونکہ معانی معقولہ کو صور محسوسہ میں بیان کرنے سے ہر ایک غبی و بلید بھی بآسانی سمجھ سکتا ہے۔

(براہین احمدیہ چہار حصص، روحانی خزائن جلد 1 ص 191)

ضرورت کمپیوٹر آپریٹر

❁ مجلس انصاراللہ پاکستان کو اپنے شعبہ مال کے لئے ایک کمپیوٹر آپریٹر کی ضرورت ہے جس کی کم از کم تعلیم ایف اے ہو جو کمپیوٹر پر کمپوزنگ کرنا جانتا ہو Inpage اور Ms Office سے بخوبی واقفیت رکھتا ہو۔ نیز Database کا کام بھی کر سکتا ہو اور انٹرنیٹ کو چلانا جانتا ہو۔ اردو کمپوزنگ کا کام سے کم سے کم دو سال کا تجربہ ہو۔ خواہشمند احباب اپنی درخواست صدر صاحب مجلس انصاراللہ پاکستان کے نام اپنے صدر صاحب محلّہ/امیر صاحب ضلع سے تصدیق کروا کر دیگر کاغذات کے ساتھ مورخہ 15 جنوری 2009ء صبح آٹھ بجے دفتر انصاراللہ میں تشریف لائیں۔

(قائد عمومی مجلس انصاراللہ پاکستان)

عربی اور انگریزی زبان سیکھیں

❁ وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں نئے سیشن جنوری تا مارچ کے لئے عربی اور انگریزی زبانوں میں کورسز کے لئے داخلے مورخہ 17 جنوری 2009ء کو ہوں گے۔ مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق واقفین نو و واقفات نو مقررہ تاریخ کو رجسٹریشن فارم حاصل کر لیں۔

☆ عربی لیول 2 (کلاس پنجم تا ہشتم)
واقفین و واقفات نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 2 (انٹرمیڈیٹ تا ایم اے)
واقفات نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 2 (انٹرمیڈیٹ تا ایم اے)
واقفین نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 1 (کلاس پنجم تا ہشتم)
واقفین و واقفات نو کیلئے۔

واقفین و واقفات نو مورخہ 17 جنوری 2009ء کو وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی (بیت نصرت) سے عصر تا مغرب رجسٹریشن فارمز حاصل کریں۔ سیکرٹریان وقف نو محلّہ جات اور والدین سے تعاون کی درخواست ہے مزید معلومات اس نمبر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ فون نمبر: 0476011966

(انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 515

حضرت مرزا شریف احمد صاحب کا حقیقت افروز بیان

فرمایا:۔

''میرا ارادہ یہ بیان کرنے کا تھا۔ کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا طرز عمل حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی وفات سے قبل اور اس کے بعد کیا رہا اور واقعات سے اس بات کو ظاہر کرنا تھا کہ اس موقع پر جبکہ مخالفین خلافت نے ہر ایسے طریق کو خلافت کے خاتمہ کے لئے استعمال کیا جو نہ صرف دیانت اور تقویٰ کے خلاف تھا۔ بلکہ ادنیٰ اخلاق سے بھی گرا ہوا تھا۔

اس موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مخالفین کی خفیہ کارروائیوں کو خوب اچھی طرح جانتے ہوئے اور اس خطرے کو اچھے طور پر محسوس کرتے ہوئے کہ منکرین اس وقت خلافت کو جڑ سے اکھیڑنا چاہتے ہیں۔ صرف دعا اور خشیت اللہ سے ان کا مقابلہ کیا۔ میں حضرت مسیح موعود کے خاندان کا ایک فرد ہونے کی حیثیت سے اس بات کا گواہ ہوں کہ اس موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت اور اثر کے ماتحت ہمارے تمام خاندان نے خلافت کو خدا تعالیٰ کی امانت جانتے ہوئے اس کے قیام کے لئے صرف خدا تعالیٰ کی خوشنودی کے حصول کے لئے کوشش کی اور حضور کے دل میں کسی وقت میں اور کسی رنگ میں بھی خودغرضی اور ذاتی مفاد کا خیال پیدا نہیں ہوا۔

میں اس جگہ ایک بات لکھ دینا ضروری خیال کرتا ہوں۔ ہم جمعہ کی نماز کے بعد واپس آ رہے تھے اور میں اس وقت اس گلی سے گزر رہا تھا۔ جو دفتر ڈاک سے تحریک جدید کے دفتر کے پاس سے ہوتی ہوئی چوک میں آتی ہے۔ اس وقت میں نے ایک شخص سے سنا کہ حضرت خلیفۃ المسیح فوت ہو گئے ہیں۔ اس فقرہ کو سن کر میرا پہلا جذبہ ایک گھبراہٹ کا جذبہ تھا اور میں چند قدم باہر آنے کے لئے دوڑا مگر اچانک میں رک گیا اور اسی گلی میں کھڑے ہو کر میں نے جو دعا کی وہ یہ تھی کہ اے خدا خلیفۃ المسیح وفات پا گئے ہیں۔ اب تو جماعت کو فتنہ اور شقاق سے بچائیو۔

اس دعا کے بعد میں آگے بڑھا۔ خدا تعالیٰ نے ہمیں اپنے فضل سے فتنہ سے بچا لیا اور جو لوگ فتنہ پیدا کرنے والے تھے وہ خود اس میں ایسے بہے کہ مرکز سے ہمیشہ کے لئے منقطع ہو گئے۔

میرا یہ واقعہ بیان کرنے سے صرف یہ مقصد ہے کہ ہماری طبائع نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے اقوال اور افعال سے جو اثر لیا وہ یہ تھا کہ ہمارے دلوں میں صرف ایک ہی تڑپ تھی کہ خدا تعالیٰ کا قائم کردہ سلسلہ اپنی صحیح تعلیم پر قائم رہے اور یہ جذبہ اپنی انتہائی کمال تک حضرت خلیفۃ المسیح الثانی میں اس وقت موجود تھا اور ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو خلافت کے لئے اس لئے ہی چنا ہو کہ خدا تعالیٰ کی نظر میں اتحاد ملت کی جو تڑپ اس وقت آپ کے دل میں تھی وہ کسی اور فرد میں موجود نہ تھی۔''

(الفضل قادیان 28 دسمبر 1939ء صفحہ 54)

سیدنا حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

ملت احمد کے ہمدردوں میں غمخواروں میں ہوں
بیوفاؤں میں نہیں ہوں میں وفاداروں میں ہوں
ساری دنیا چھوڑ دے پر میں نہ چھوڑوں گا تجھے
درد کہتا ہے کہ میں تیرے وفاداروں میں ہوں

بے مثال شفقت پدری

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خاں صاحب پٹیالوی معالج خصوصی کا چشمدید واقعہ سیدنا حضرت مصلح موعود کے سفر کشمیر 1929ء سے متعلق:۔

''آس نور کے قیام کے دوران میں ام ناصر احمد سلمہا تیز بخار میں مبتلا ہو گئیں حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب معالج تھے۔ بعض دواؤں کی ضرورت پیش آئی جو ہمارے ہمراہ نہ تھیں اور سری نگر سے مل سکتی تھیں۔ سری نگر کا فاصلہ 80-70 میل تھا نیک محمد خاں غزنوی جو خادم سفر تھے تیار ہوئے اور کہا کہ اگر گھوڑا مل جائے تو میں جلد سے جلد لے آتا ہوں۔ چنانچہ ایک گھوڑا ان کو آس نور سے دیا گیا اور دوسرے کا راستہ میں مل جانے کا انتظام کیا اور خدا کے فضل سے 160-140 میل کا سفر ایک دن اور ایک رات میں طے کر کے مطلوبہ دوائیں حاضر کر دیں۔

سیدہ ام ناصر سلمہا کو بخار سے آرام آ گیا اور اگلے روز ہی کوسرناگ کو دیکھنے کے لئے ایک لمبا قافلہ روانہ ہوا۔ یہ سفر لمبا تھا۔ اس لئے گھوڑوں کا انتظام کیا گیا۔ جاتے ہوئے راستہ میں ایک رات ٹھہرنا پڑا اگلے روز بمشکل بارہ ایک بجے پہنچے۔ ابھی تھوڑی دیر ہی ٹھہرے تھے کہ بارش اور ژالہ باری کے آثار پیدا ہو گئے۔ مقام تقریباً 14 ہزار فٹ کی بلندی پر تھا اور ایسی جگہ کوئی پناہ نہ تھی راستہ میں سخت بارش میں پکڑے گئے۔ سب اہل قافلہ جن میں مستورات بھی تھیں گھبرا گئے۔ ندی نالے جو پہلے چھوٹے چھوٹے تھے اور ان میں آسانی سے گزر گئے تھے اب بہت بڑے بڑے بن گئے اور گزرنا دشوار ہو گیا۔ ایک نالہ ایسا تھا کہ اس کے دونوں جانب راستہ تھا۔ واپس اترائی کے وقت قافلہ کا ایک حصہ جس میں حضرت میاں شریف احمد صاحب اور میاں ناصر احمد بھی تھے۔ نالے کے دوسرے جانب والے راستے سے واپس ہوا۔ حضور نے اس افراتفری کی حالت کو دیکھتے ہوئے سب کو ٹھہرا کر مردم شماری کی اور فرمایا کہ ناصر احمد کہاں ہیں؟ کسی نے کہا کہ حضور وہ نالے کے دوسری طرف سے آ رہے ہیں۔ حضور چلیں وہ آ جائیں گے۔ اس وقت وہ ذرا فاصلہ پر تھے اور نظر نہیں آ رہے تھے۔ تو حضور نے جوش کی حالت میں فرمایا کہ اپنے بیٹے کو چھوڑ کر چلا جاؤں؟ اور حضور وہیں رہے جب تک میاں ناصر احمد صاحب قریب نہ آ گئے۔

(الفضل قادیان 28 دسمبر 1939ء صفحہ 54)

دو سال بعد حضرت مصلح موعود نے منظوم آمین میں لکھا

مرا ناصر مرا فرزند اکبر
ملا ہے جس کو حق سے تاج و افسر
خدا کا فضل ان پر ہو گیا ہے
کلام اللہ کا خلعت ملا ہے

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

12 جنوری 2009ء

1-45 am ایم۔ٹی۔اے انٹرنیشنل نیوز
2-25 am گلشن وقف نو
3-40 am عربی سیکھئے
4-15 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
5-00 am تلاوت۔ایم۔ٹی۔اے خبریں
5-50 am دی کیسالوما
6-15 am لقاء مع العرب
7-30 am خطبہ جمعہ
8-30 am عربی سیکھئے
9-05 am سوال و جواب
10-30 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm جامعہ احمدیہ یو۔کے کلاس
1-00 pm فرنچ سروس
1-35 pm سپاٹ لائیٹ
2-10 pm فرنچ سروس
3-10 pm انڈونیشین سروس
4-25 pm طب وصحت
5-00 pm تلاوت، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-20 pm سپاٹ لائیٹ
8-55 pm طب وصحت
9-25 pm جامعہ احمدیہ یوکے کلاس
10-25 pm فرنچ ملاقات
11-30 pm عربی سروس

13 جنوری 2009

12-30 am لقاء مع العرب
1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am جامعہ احمدیہ یوکے کلاس
3-20 am خطبہ جمعہ
4-35 am سپاٹ لائیٹ
5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 am فرنچ سیکھئے
6-25 am لقاء مع العرب
7-30 am خطبہ جمعہ
8-40 am فرنچ سروس
10-30 am طب وصحت
11-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-10 pm سوال و جواب
2-30 pm مباحثہ
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سندھی سروس
4-35 pm سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
5-05 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm جلسہ سالانہ غانا
8-00 pm گلشن وقف نو
9-05 pm سوال و جواب
10-25 pm انتخاب سخن
11-30 pm عربی سروس

14 جنوری 2009ء

12-30 am خطبہ جمعہ
1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am گلشن وقف نو
3-10 am مباحثہ
4-00 am جلسہ سالانہ غانا
5-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-00 am عربی سیکھئے
7-45 am سوال و جواب
9-10 am گلشن وقف نو
10-15 am جلسہ سالانہ غانا
11-00 am تلاوت، خبریں
11-45 am گلشن وقف نو

(باقی صفحہ 15 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

6

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

اخباروں کو انٹرویوز، خطبہ جمعہ، ہدایات، فیملی ملاقاتیں اور لندن واپسی

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

یکم دسمبر 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل کے ہال میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے آئے۔

صبح حضور انور نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

اخبار کو انٹرویو

صبح گیارہ بجے ہندوستان کے نیشنل اخبار Indian Express کے News Coordinator مسٹر Jusmua نیوٹن نے ہوٹل میں آکر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو لیا۔ اس اخبار کی سرکولیشن کروڑوں میں ہے اور یہ اخبار ہندوستان کے تمام بڑے شہروں سے شائع ہوتا ہے۔

اخبار کے نمائندہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ حضور سے ملنا ہمارے لئے اعزاز ہے۔

اس سوال پر کہ آپ غانا میں رہے ہیں اور جماعت وہاں بڑی ہے اور تیزی سے پھیلی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ وہ لوگ مادہ پرست کم ہیں، مذہبی زیادہ ہیں اور اپنے پیدا کرنے والے کو پہچانتے ہیں اور دنیا کے جھمیلوں میں کم Involve ہوتے ہیں۔ افریقن ممالک میں پراگرس ہے۔ لیکن بعض افریقن ممالک میں ہمیں مخالفت کا سامنا بھی ہے۔ جہاں Orthodox ہیں۔ جہاں مسلم ممالک کا اثر ہے۔ وہاں ہمیں مشکلات کا سامنا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا ہمارا ایمان ہے کہ ہر قوم میں نبی آئے۔ کرشن، بدھا، ریفارمر بھی آئے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ ہم دین کی صحیح تعلیمات کو پھیلا رہے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا مذہب میں کوئی جبر نہیں ہر ایک آزاد ہے۔ ہر نبی نے یہ تعلیم دی کہ اپنے خدا کی طرف آؤ، اس کی عبادت کرو، اس کی مانو، مخلوق کا حق ادا کرو۔ یہ ہر نبی کی تعلیم ہے۔ اس کے علاوہ ہر نبی کے خاص حالات میں بعض تعلیمات تھیں جو ان کے حالات کے مطابق تھیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ گرونانک ایک ایسا انسان تھا جو خدا کے بہت قریب تھا۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا میں نے غانا میں یہ ثابت کیا کہ وہاں گندم اگائی جاسکتی ہے۔ بعد میں وہ اس کو جاری نہ رکھ سکے۔ حضور انور نے فرمایا میں اس سال اپریل میں غانا گیا تھا وہاں صدر مملکت غانا کو کہا کہ اس کو جاری رکھیں۔ تھرڈ ورلڈ ممالک میں ہم کوشش کرسکتے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ خلیفہ بننے سے قبل مجھے کسی کی طرف سے کبھی کوئی خواب نہیں بتلائی گئی۔ خوابوں کے ذریعہ لوگوں کو بتایا گیا تھا فرمایا جب کوئی خواب دیکھے اور وہ سچی ثابت ہو جائے تو وہ خدا کی طرف سے ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہر آدمی خواب نہیں دیکھتا۔ بعض دفعہ خدا بعض لوگوں کو نشانات دکھاتا ہے ان کے ازدیاد ایمان کے لئے اور گواہی دینے کے لئے کہ اگر کوئی اعتراض ہو تو یہ لوگ اس اعتراض کے خلاف کھڑے ہو جائیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ یہ دہشت گرد گروپس اور ان کے پیچھے جو طاقتیں ہیں اگر ان کو روکا نہ گیا تو مزید تباہی ہوگی۔ ان سب گروپس کے خلاف سخت ایکشن لینا ہوگا تاکہ مزید تباہی سے بچا جائے اور دنیا امن کا سانس لے۔

احمدیت کے مستقبل کے بارہ میں سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ ہمارا مستقبل یہ ہے کہ ہم ایک دن کامیاب ہو جائیں گے اور لوگوں کی اکثریت احمدیت میں داخل ہو جائے گی۔ عیسائیت نے پھیلنے کے لئے تین سو سال لئے۔ بانی جماعت احمدیہ نے کہا ہے کہ ہمیں پھیلنے کے لئے تین سو سال نہیں لگیں گے۔

اخبار Indian Express کے نمائندہ کے ساتھ یہ انٹرویو گیارہ بجکر پینتالیس منٹ پر ختم ہوا۔

دوسرا انٹرویو

ہندوستان کے ایک اور نیشنل اخبار The Hindu کے چیف رپورٹر پی ایم بشیر صاحب اور اخبار جنم بھومی کے چیف رپورٹر بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے انٹرویو لینے کے لئے ہوٹل پہنچے ہوئے تھے۔

اخبار The Hindu ہندوستان کے تمام بڑے شہروں سے شائع ہوتا ہے اور اس کی سرکولیشن کروڑوں میں ہے۔ اخبار جنم بھومی ملیالم زبان کا اخبار ہے اور اس کے پڑھنے والوں کی تعداد لاکھوں میں ہے۔

ان دونوں اخبارات کے چیف رپورٹرز کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انٹرویو پونے بارہ بجے شروع ہوا۔

اخبار The Hindu کے چیف رپورٹر نے کہا کہ حضور انور کو اخبار The Hindu کی طرف سے کیرالہ آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

بمبئی میں دہشت گردی کے سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ ابھی تحقیق ہو رہی ہے۔ یہ پولیٹیکل ایشو ہے۔ اس بارہ میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن یہ کہہ سکتا ہوں کہ جو بھی ہوا دین کی تعلیم کے خلاف ہے جس نے بھی کیا ہے غلط کیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حکومتیں اکٹھی ہوں اور ایک سمت میں ایکشن لیں اور مضبوط اور Joint ایکشن لیں۔ قرآن کریم نے کہا ہے کہ اگر کوئی قوم دوسری قوم پر ظلم کرتی ہے اور اس کا حق مارتی ہے تو پھر دوسری قومیں مل کر اس قوم کے خلاف ایکشن لیں اور مظلوم کی مدد کریں۔

ایک سوال کے جواب میں کہ احمدیہ جماعت میں کوئی ایکشن پلان ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ گزشتہ 120 سال میں آپ نے دہشت گرد گروپوں میں کبھی کوئی احمدی نہیں دیکھا ہوگا۔ حضور انور نے فرمایا جب میں غانا میں تھا تو ایک ڈپٹی منسٹر ممبر پارلیمنٹ نے بتایا کہ ایک میٹنگ میں ممبران پارلیمنٹ بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں جرائم (Crime) کے بارہ میں بات ہو رہی تھی کہ جرائم بڑھ رہے ہیں۔ تو اس وقت انسپکٹر جنرل نے کہا کہ غانا کی جیلوں میں ...... تو ہیں لیکن ایک بھی احمدی نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا یہ ہماری مضبوط تعلیمات کی وجہ سے ہے اور عمل کی وجہ سے ہے اور اس ایکشن کی وجہ سے ہے جو ہم اس وقت لیتے ہیں جب کوئی احمدی غلط کام کرتا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ 193 ممالک میں موجود ہے۔ پاکستان، انڈیا اور افریقن ممالک میں بڑی تعداد ہے۔ Love For All Hatred For None کے تعلق میں ایک سوال کے جواب پر فرمایا کہ ایک خدا کی عبادت اور اس کے حقوق کی ادائیگی اور مخلوق خدا کے حقوق کی ادائیگی یہ احمدیت کی تعلیمات کا خلاصہ ہے۔

احمدیہ خلافت کے بارہ میں ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ خلافت نبی کی وفات کے بعد ہوتی ہے اور یہ ایک روحانی Succession ہے۔ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد خلافت راشدہ تیس سال تک رہی پھر بعد میں بادشاہت آگئی۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ خلافت صرف روحانی لیڈرشپ ہے۔ دنیوی معاملات میں راہنمائی کرتی ہے لیکن گورنمنٹ کے معاملات میں دخل نہیں دیتی۔

اس سوال کے جواب میں کہ آپ پانچویں خلیفہ ہیں آپ کا مقصد کیا ہے؟ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا وہی مقصد ہے جو پہلے خلیفہ اور دوسرے تیسرے اور چوتھے خلیفہ کا تھا اور ہمیشہ جاری رہے گا۔ جو کام خدا تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق حضرت مسیح موعود نے شروع کیا اور جو تعلیم ہمیں دی اس کو پھیلانا ہے اور اس کو جاری رکھنا ہے۔

اس سوال کے جواب پر کہ دین اور مغربی ممالک میں بہت بڑا فاصلہ ہے حضور انور نے فرمایا ہم احمدی تو ہر ایک ملک میں ہیں، ہر طرف ہیں، یورپین ممالک میں بھی ہیں۔ ابھی حال ہی میں برٹش پارلیمنٹ میں ایک پروگرام تھا وہاں ایڈریس کیا ہے۔ ہم احمدی تو اللہ کے فضل سے ہر ملک میں ہیں اور امن پسند جماعت کے طور پر متعارف ہیں اور پہچانے جاتے ہیں۔

ایک سوال کے جواب پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مغربی ممالک کو احمدیت سے کوئی پرابلم نہیں ہے کیونکہ ہم ان کے کسی معاملہ میں دخل اندازی نہیں کرتے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے حب الوطن من الایمان ہر احمدی اپنے ملک سے محبت کرتا ہے اور قانون کی پابندی کرتا ہے۔

ہندوستان کے تعلق میں ایک سوال پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہندوستان ایک سیکولر سٹیٹ ہے اور ہم یہاں بالکل ٹھیک ہیں۔ خصوصاً ملک کے اس حصہ میں جہاں مختلف مذاہب کے ماننے والے رہتے ہیں۔ ہندوستان کے بعض دوسرے حصوں میں مسلمانوں کے ظلم کا نشانہ بنے ہیں جیسے سہارنپور ہے۔ جہاں پولیس کو ایکشن لینا چاہئے تھا لیکن نہیں لیا گیا۔ فرمایا اگر کسی ردعمل کا اظہار کرنا ہو تو ہمارا طریق مختلف ہے۔ ہم سڑکوں پر نہیں نکلتے۔ ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا ہم کمیونٹی کی حیثیت سے سیاست میں حصہ نہیں لیتے لیکن احمدی انفرادی طور پر حصہ لیتا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے جنگ کے بارہ میں ہدایات دی ہیں۔ بچوں کو نہیں مارنا۔ عورتوں کو قتل نہیں کرنا۔ بوڑھے لوگوں کو نہیں مارنا اور جو مذہبی لیڈر ہیں اور اپنے

معابد میں ہیں ان کو کچھ نہیں کہنا۔ درخت نہیں کاٹنے۔ اب ان تعلیمات کے ہوتے ہوئے اسلام کس طرح کہہ سکتا ہے کہ بے حساب فائرنگ کرو اور جو سامنے آتا ہے اس کو مارو۔ یہ سب اسلامی تعلیم کے خلاف ہے۔

ایک سوال کے جواب پر کہ احمدی لوگ کیا لا رہے ہیں۔ لوگ کیا دیکھ کر احمدیت میں شامل ہوتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ جب لوگ دیکھتے ہیں کہ یہ جماعت امن پسند ہے، آپس میں بھائی چارہ اور پیار و محبت ہے۔ یہ روحانی معیار بلند کرتے ہیں۔ اخلاقی معیار بلند کرتے ہیں۔ خدا کے قریب کرتے ہیں اور بندوں کے حقوق ادا کرتے ہیں تو لوگوں کو جب سمجھ آتی ہے تو وہ جماعت میں داخل ہو جاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ہم تو صرف پیغام پہنچاتے ہیں۔ ہم میں ہر ایک ہر وقت دعوت الی اللہ کر رہا ہے۔ جو قبول کرتا ہے وہ شامل ہو جاتا ہے۔ جو پسند نہیں کرتا وہ شامل نہیں ہوتا۔ آپ طاقت کے ذریعہ کسی کے جسم پر قبضہ کر سکتے ہیں۔ دل پر قبضہ نہیں کر سکتے۔ دلوں کو طاقت کے ذریعہ اپنی طرف مائل نہیں کر سکتے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم نے جو حقوق مرد کو دیئے ہیں۔ عورت کو بھی دیئے ہیں۔ مرد کے ذمہ باہر کا کام ہے، گھر چلانے کے لئے خرچ مہیا کرتا ہے۔ عورت کے گھر کے کام ہوتے ہیں۔ بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ دیتی ہے۔ ان کی تربیت کا خیال رکھتی ہے اور گھر کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ لیکن اگر ضرورت ہو تو گھر سے باہر بھی کام کر سکتی ہے۔ جب جنگیں ہوئیں تو عورتیں زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں۔ ان کو پانی پلاتی تھیں۔ نرسز کا کام کیا ہے۔ فرمایا عورت کو کوئی حق کم نہیں دیا گیا۔ احمدی خواتین ڈاکٹرز بھی ہیں۔ ٹیچرز بھی ہیں اور ان کا Literacy Rate بعض جگہ مردوں سے زیادہ ہے۔ حضور انور نے فرمایا اگر مرد باہر ہو تو پھر گھر کون سنبھالے گا۔ بعض پڑھی لکھی عورتیں صرف اس لئے کوئی ملازمت نہیں کرتیں کہ اپنے بچوں کو سنبھالنا ہے اور گھر سنبھالنا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہماری خواتین کی لجنہ کی تنظیم ہے وہ اپنے پروگرام بناتی ہیں، اپنے جلسے کرتی ہیں، تقاریر کرتی ہیں۔ کھیلوں کے پروگرام ہوتے ہیں۔ اپنی پکنک وغیرہ کرتی ہیں۔ بہت سے بیرونی پروگرام ہوتے ہیں۔ جہاں تک احمدی خواتین ہیں ان کے حقوق میں کوئی کمی نہیں ہے۔ بیت برلن کا ڈیزائن ایک احمدی عورت نے کیا ہے۔ اگر عورتیں کام نہیں کرتیں۔ صرف گھروں میں رہتی ہیں تو پھر یہ کام کس طرح ہو گیا۔ ہماری خواتین بعض جگہ مردوں سے زیادہ تعلیم یافتہ ہیں۔

پردہ کے تعلق میں ایک سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم نے یہ تعلیم دی ہے اور حکم دیا ہے کہ اپنی عزت کی حفاظت کرو۔ کسی دوسرے کو موقعہ نہ دو کہ وہ غلط نظر ڈالے۔ تو یہ پردہ عورت کی عزت کی حفاظت کی خاطر ہے۔ خواتین ڈاکٹرز بھی ہیں۔ ٹیچرز بھی ہیں اور کام کرتی ہیں۔ بہرحال پردہ ایک فاصلہ ہے مرد اور عورت میں، پردہ مرد اور عورت کے درمیان ایک فرق، فاصلہ رکھتا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ مرد کو چار تک شادیاں کرنے کی شریعت نے اجازت دی ہے۔ وہ بعض شرائط کے ساتھ ہے کہ ان سب میں عدل کرے گا اور ہر ایک کا حق ادا کرے گا۔ بعض دفعہ مرد کو ایک سے زائد شادی کی ضرورت پڑتی ہے۔ پہلی بیوی سے اولاد نہیں ہے۔ بانجھ ہے، یا کوئی ریلیجس لیڈر ہے، مذہبی ضرورت ہے، کمیونٹی میں پیغام پہنچانا ہے اور بھی وجوہات ہیں جس کی وجہ سے شادی کی ضرورت پڑتی ہے۔ لیکن عورتوں کو حق ہے اگر وہ پہلی بیوی کے ساتھ رہنا نہیں چاہتیں تو علیحدہ ہو جائے اس کا حق ہے۔ اگر کوئی انصاف نہیں کرتا تو پھر کمیونٹی کو حق ہے کہ وہ انصاف دلائے اور اگر کسی کی طرف سے زیادتی ہے تو اس کو روکے۔

جلسہ قادیان کے تعلق میں ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ جلسہ تو ہر سال ہوتا ہے۔ یہ نہیں کہ صرف اس سال ہی ہو رہا ہے۔ ایسے جلسے، کنونشن باقی ملکوں میں بھی ہوتے ہیں۔ یوکے میں جولائی میں جلسہ ہوتا ہے اور ساری دنیا سے لوگ وہاں آتے ہیں۔

ان دونوں اخبارات کے ساتھ یہ انٹرویو ساڑھے بارہ بجے تک جاری رہا۔

بعدازاں ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل کے ہال میں تشریف لا کر نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تصاویر کا پروگرام ہوا۔ خدام کے سیکیورٹی گروپس، قافلہ کے ڈرائیور حضرات، صوبہ کیرالہ کے مربیان اور معلمین اور ڈیوٹی پر متعین ڈاکٹرز حضرات نے باری باری گروپس کی صورت میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ہر ایک کو شرف مصافحہ بخشا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے آئے۔

دہلی کے لئے روانگی

آج پروگرام کے مطابق صوبہ کیرالہ کی جماعتوں کا دورہ مکمل ہونے کے بعد واپس دہلی کے لئے روانگی تھی۔ ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور دعا کروائی۔ بعدازاں قافلہ پولیس کے Escort میں قافلہ کوچین انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوا۔

ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایئرپورٹ پر تشریف آوری ہوئی جہاں ایئرپورٹ سیکیورٹی آفیسر اور کسٹم اور امیگریشن سٹاف نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ایئرپورٹ پر آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور بورڈنگ کی کارروائی مکمل کی جا چکی تھی۔

نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کا انتظام VIP لاؤنج سے ملحقہ ہال میں ایئرپورٹ پر ہی کیا گیا تھا۔ سوا سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس ہال میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ دیر کے لئے VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

آٹھ بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جہاز پر سوار ہوئے۔ Jet Lite ایئرلائن کی پرواز S2-242 کوچین انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے ساڑھے آٹھ بجے دہلی کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئی۔

دہلی میں آمد

تین گھنٹے دس منٹ کی پرواز کے بعد گیارہ بجکر چالیس منٹ پر جہاز دہلی کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اترا۔ جہاز کی سیڑھیوں پر سیکیورٹی حکام اور ایئرپورٹ کے سٹاف نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو Receive کیا اور خوش آمدید کہا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی نے حضور انور کے لئے ایک سپیشل گاڑی جہاز کی سیڑھیوں کے قریب کھڑی کی تھی۔ حضور انور اس گاڑی کے ذریعہ سیدھے VIP لاؤنج میں تشریف لے آئے۔ جہاں بعض جماعتی عہدیدار پہلے سے ہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ VIP لاؤنج میں کچھ دیر قیام کے بعد ایئرپورٹ سے دہلی مشن ہاؤس بیت الہادی کے لئے روانگی ہوئی۔ قریباً ایک بجے رات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مشن ہاؤس پہنچے۔ جہاں احباب جماعت دہلی مرد و خواتین حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو اسلام علیکم کہا اور اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

2 دسمبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی دہلی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور ناظر اعلیٰ صاحب قادیان کو حضور انور نے طلب فرمایا اور مختلف امور کے تعلق میں ان سے گفتگو فرمائی اور ہدایات سے نوازا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات سے نوازا۔

انتظامی ہدایات

صبح دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے۔ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب، ایڈیشنل وکیل التبشیر صاحب، ایڈیشنل وکیل المال صاحب، انچارج صاحب انڈیا ڈیسک یوکے۔ ناظر اعلیٰ صاحب قادیان، ناظر صاحب امور عامہ قادیان اور صدر صاحب خدام الاحمدیہ بھارت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے باری باری ملاقات کر کے مختلف امور کے بارہ میں ہدایات حاصل کیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بعض انتظامی امور کے بارہ میں ہدایات سے نوازا۔

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

پروگرام کے مطابق پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات سے نوازا۔ حکومت کے متعلقہ شعبہ کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے لئے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ایس پی مبارک احمد صاحب نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ اسی طرح بعض دیگر جماعتی عہدیداران کو بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طلب فرمایا اور مختلف ہدایات سے نوازا اور بعض انتظامی امور کے بارہ میں ان کی راہنمائی فرمائی۔

ملاقاتیں

بعدازاں فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو سات بجے تک جاری رہیں۔ آج بیس فیملیز کے نوے سے زائد افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے۔

دو گھنٹے تک بعض غیر از جماعت مہمانوں سے ملاقات ہوئی۔ بعدازاں منور خورشید صاحب DIG ریلوے پولیس نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف پایا۔ موصوف احمدی ہیں۔ ان ملاقاتوں کے بعد پونے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

3 دسمبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

صبح گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور بعض جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کر کے مختلف دفتری اور انتظامی امور کے بارہ میں ہدایات حاصل کیں۔

ساڑھے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ

العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

پچھلے پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

چھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور بعض جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے اپنے دفتری امور کے تعلق میں ملاقات کی۔

ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے گئے اور لندن سے جانے والی MTA ٹیم کے انچارج مکرم منیر عودہ صاحب اور ناظر صاحب نشرواشاعت قادیان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مختلف امور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارہ میں ہدایات دیں۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

4 دسمبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروفیت رہی۔

نکاحوں کا اعلان

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت واقفین زندگی خاندانوں اور خدمت کرنے والے کارکنان کے چھ نکاحوں کا اعلان فرمایا۔ بعدازاں ان خاندانوں کے افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف مصافحہ بھی حاصل کیا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ملاقاتیں

پانچ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ پانچ فیملیز کے 21 ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت سکول جانے والے بچوں کو قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کے بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

ان فیملیز ملاقاتوں کے پروگرام کے بعد حسب ارشاد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مکرم ناظر اعلیٰ صاحب قادیان، مکرم ناظر صاحب امور عامہ قادیان اور فاتح احمد خان صاحب انچارج مرکزی انڈیا ڈیسک یوکے نے مشترکہ طور پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے قادیان کے تعلق میں مختلف امور اور معاملات کے بارہ میں تفصیلی ہدایات دیں۔ یہ میٹنگ آٹھ بجے تک جاری رہی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی دہلی میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

5 دسمبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

خطبہ جمعہ

ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں تشریف لا کر خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ جمعہ انٹرنیٹ سسٹم کے ذریعہ MTA پر براہ راست نشر کیا گیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

ہر انسان کی اس دنیا میں خواہشات ہوتی ہیں لیکن ایک مومن کو ہر کام، ہر خواہش، ہر مشکل اور آسائش میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے اور ہونی چاہئے۔ کیونکہ اگر خدا تعالیٰ کی مرضی نہیں ہوگی تو ہر قسم کی آسائش کے باوجود ایسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں کہ اس کی خواہش پوری نہ ہو سکے۔ پس اس کا فضل مانگتے ہوئے کسی بھی خواہش کی تکمیل کی کوشش کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کی ذات کے متعلق عرفان حاصل کرنے کے لئے جماعت کو توجہ دلائی کہ خدا تعالیٰ کو پہچانو۔ آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہی کو پیار کرتا ہے اور انہی کی اولاد بابرکت ہوتی ہے جو اس کے احکامات کی تعمیل کرتے ہیں۔ ہر شخص پر ضرور ایسی مشکلات پڑتی ہیں جن میں انسان بالکل عاجز رہ جاتا ہے اور نہیں جانتا کہ اب کیا کرنا چاہئے۔ اس وقت دعا کے ذریعہ سے مشکلات دور ہوتی ہیں۔ ہر حالت میں خدا تعالیٰ کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے کیونکہ وہی مشکلات دور کرنے والا اور اپنے بندوں کی صحیح راہنمائی کرنے والا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس اصولی بات کی طرف توجہ دلائی کہ تم بعض کاموں کو اپنے لئے بہتر اور خیر کا باعث سمجھتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس میں تمہارے لئے خیر نہیں ہوتی یا اس میں عارضی روک ہوتی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ پس ایک مومن کا کام ہے کہ کسی خواہش کی تکمیل میں اپنی پسند کو دخل نہ دے۔ بلکہ عالم الغیب خدا جس نے اھدنا الصراط المستقیم کی دعا سکھائی ہے اس سے مدد مانگے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ گزشتہ دنوں ممبئی انڈیا میں دہشت گردی کی جو وارداتیں ہوئی ہے اس نے پورے ملک میں ایک بے چینی پیدا کر دی ہے۔ بہر حال یہاں موجودہ حالات کی وجہ سے میں نے باہر سے جلسہ سالانہ قادیان پر آنے والے احمدیوں کو روک دیا ہے اور بلا استثناء ہر ایک کو میں پھر واضح کر دوں کہ باوجود اپنی بڑھی ہوئی خواہش کے باہر سے کسی نے اس جلسہ میں شامل ہونے کے لئے نہیں آنا۔ اللہ تعالیٰ حالات بہتر کرے گا تو پھر انشاء اللہ موقع مل جائے گا۔ ہمیں تعلیم بھی یہی دی گئی ہے اور دعا بھی یہی سکھائی گئی ہے کہ ہمیشہ ابتلاؤں اور مشکلات سے بچنے کے لئے دعا کرو اور ان جگہوں سے بھی بچو۔ جو یہاں کے شہری ہیں وہ تو بہر حال یہیں رہتے ہیں۔ غیر ملکی جو سفر میں ہوتے ہیں ان کے حالات کچھ اور ہوتے ہیں تو بہر حال ہمیں دعاؤں کی تلقین کی گئی ہے چاہے وہ قدرتی آفات ہیں یا طاعون کے پیدا کردہ فسادات ہیں۔ ان سے بچنے کے لئے دعائیں ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا مختلف لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے جو پہلے ہی بعض فکر مندی والی رویا دکھائی تھیں جو کچھ نے مجھے پہلے بھی لکھی تھیں اور اب زیادہ آ رہی ہیں اور یہ سب خوابیں جو دنیا میں ان لوگوں کو دکھائی گئی ہیں جو مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں یہ سننے اور پڑھنے کے بعد اور اس طرح دعا کے بعد اور مختلف مشوروں کے بعد میں نے باہر سے آنے والے لوگوں کو روکا ہے۔ یہی فیصلہ کیا ہے کہ نہ آئیں۔ ہمارے سب کام جذباتیت سے بالا ہو کر ہونے چاہئیں۔ دنیا کی باتوں یا استہزاء کا خیال دل سے نکالتے ہوئے ہونے چاہئیں۔ ہر احمدی کی جان کی قیمت ہے۔ بلاوجہ اپنے آپ کو مشکل میں ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ مجھے پتہ ہے بہت سوں کو اس سے شدید جذباتی تکلیف پہنچے گی۔ لیکن ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر فضل فرماتا ہے۔ اگر ہم کسی غلط فیصلے کا اپنی بشری کمزوری کی وجہ سے سوچ بھی رہے ہوں تو حالات و واقعات کو اللہ تعالیٰ اس نہج پر لے آتا ہے جس سے ہمیں صحیح سوچوں اور صحیح فیصلوں کی طرف راہنمائی ملتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا میں نے ابتلاؤں اور مشکلات سے بچنے کے لئے دعا کا ذکر کیا تھا اس کے لئے بہت سی مسنون دعائیں بھی ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بھی دعائیں سکھائی ہیں۔ حضرت مسیح موعود کی دعائیں بھی ہیں تو اس وقت میں آنحضرت ﷺ کی ایک دعا سامنے رکھتا ہوں اس کو پہلے بعض حوالوں سے بیان کر چکا ہوں اور وہ دعا یہ ہے (ترجمہ) کہ میں اپنے عظیم شان والے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں کہ جس سے عظیم تر کوئی شے نہیں اور کامل اور مکمل کلمات کی پناہ میں بھی کہ جن سے کوئی نیک و بد تجاوز نہیں کر سکتا اور اللہ کی تمام صفات حسنہ جو مجھے معلوم ہیں یا نہیں معلوم ان سب کی پناہ طلب کرتا ہوں اس مخلوق کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا اور پھیلایا۔

حضور انور نے فرمایا اس میں تمام زمینی و آسمانی شرور سے بچنے اور خدا تعالیٰ کی پناہ میں آنے کی دعا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی تو ہر دعا ہی بہت جامع ہے، اور برکتیں سمیٹنے والی ہے۔ لیکن جن چند مسنون دعاؤں کو روزانہ میں سامنے رکھتا ہوں ان میں سے ایک یہ بھی ہے اس لئے ذہن میں آ گئی۔ تو اللہ تعالیٰ ہماری دعائیں قبول فرمائے۔

حضور انور نے فرمایا پھر قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مثلاً ایک دعا جو حضرت موسیٰ کی ہے کہ اے میرے رب! میں تیری ہر چیز، ہر خیر جو تو مجھے دے میں اس کا محتاج ہوں۔ یہ دعا مانگنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ ہمیں خیر ہی خیر ملتی رہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ بھی دعا سکھائی ہے کہ اے میرے رب مجھے حکمت عطا کر اور مجھے نیک لوگوں میں شامل کر۔ حکمت کے بہت وسیع معنی ہیں۔ ایک یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کوئی پیغام ملے تو اسے انسان سمجھنے کی کوشش کرے جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ حضرت مسیح موعود نے خدا تعالیٰ کی ذات کی ہمیں حقیقی پہچان کروائی ہے اور ہر کام کے لئے اس کے آگے جھکنے اور اس کے پیغام کو سمجھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس پر ہمیشہ قائم رکھے۔ ہمارے سب فیصلے حکمت والے ہوں اللہ تعالیٰ کی منشاء کو سمجھنے والے ہوں اور یہی ایک حقیقی مومن کی نشانی ہے۔ مومن کی فراست ہی یہی ہے کہ ہر پہلو پر غور کرے، مومن کو خوفزدہ نہیں ہونا چاہئے یقیناً مومن نڈر ہوتا ہے۔ لیکن یہ ضرور غور کرنا چاہئے کہ کس بات میں فائدہ ہے یا زیادہ فائدہ ہے اور کس بات میں زیادہ نقصان ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم کسی قربانی سے نہیں ڈرتے لیکن اگر کسی جگہ ایسے شر نظر آتے ہوں جن سے بچنا مومن کے اور جماعت کے مفاد میں ہو تو اس سے بچنا چاہئے۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ بعض خوابوں کے ذریعہ ایسے اشارے بھی ملے تھے یا کچھ اور اندازے تھے جس سے لگتا تھا کہ وسیع پیمانے پر یہ جلسہ نہ ہو سکے گا۔ بہر حال اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہئے کہ خدا تعالیٰ ہمارے اس فیصلے کے بہتر نتائج نکالے اور بے انتہا برکت ڈالے اور ہمارا ہر کام جماعت کے مفاد میں

ہو۔ افراد جماعت جو جلسہ پر آنا چاہتے تھے ان کو نہ آنے سے جو جذباتی تکلیف ہوئی ہے اللہ تعالیٰ ان کا ایسا مداوا کرے کہ ان کی توجہ مزید اللہ تعالیٰ سے پختہ تعلق پیدا کرنے کا ذریعہ بن جائے۔ ہر احمدی کو ایمان اور ایقان میں بڑھائے۔ ان کی توجہ دعاؤں کی طرف پہلے سے بڑھ کر ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ قادیان کے احمدیوں کو بھی دنیا میں بسنے والے احمدی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور یہاں ہندوستان میں رہنے والے احمدی بھی اپنے لئے اور یہاں کے بسنے والوں کے لئے بھی دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو ہر شر سے محفوظ رکھے۔ دنیا اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچانے اور اللہ تعالیٰ دنیا میں ہر شخص کو اور اپنی ہر مخلوق کو جو انسانیت کے نام پر انسان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں حقیقی انسانیت پر قائم کردے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ ثانیہ کے دوران مکرمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ مرحومہ کی وفات کا تذکرہ فرمایا۔ مرحومہ مکرم چوہدری محمد احمد صاحب درویش قادیان کی اہلیہ تھیں۔ 2 دسمبر 2008ء کو قادیان میں 93 سال کی عمر میں وفات پائی مرحومہ نے اپنے پیچھے دو بیٹے اور دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ ان کے بیٹے بشیر احمد ناصر صاحب ہیں جو کہ کینیڈا سے آئے ہیں اور اس وقت ہمارے ساتھ سفر میں شامل ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطبہ جمعہ پونے دو بجے تک جاری رہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز جمعہ کے ساتھ نماز عصر جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے مکرمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ مرحومہ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں 9 فیملیز کے 41 ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ سکول اور کالج جانے والے بچوں کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کی بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

ان فیملی ملاقاتوں کے بعد پروگرام کے مطابق صدر انجمن احمدیہ قادیان کے ناظران اور نائب ناظران کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ یہ میٹنگ قریباً ایک گھنٹہ جاری رہی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف امور اور معاملات کے جائزے لئے اور بڑی تفصیل سے انتظامی امور کے بارہ میں ہدایات سے نوازا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت الہادی تشریف لے آئے جہاں تمام کارکنان نے اور موجود احباب نے شرف مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔ تصاویر ساتھ ساتھ بن رہی تھیں۔ مصافحہ کے پروگرام کے بعد دہلی میں موجود انجمن کے جملہ ناظران اور نائب ناظران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الہادی میں نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے مکرم محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ قادیان نے ایک نکاح کا اعلان فرمایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت دعا کروائی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دفتر تشریف لے آئے جہاں پرتاب سنگھ باجوہ صاحب ممبر پارلیمنٹ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ موصوف چنڈی گڑھ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کے لئے آئے تھے۔

یہ ملاقات نو بجے تک جاری رہی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر سے رہائش گاہ پر جانے کے لئے باہر نکلے تو آگے قازقستان سے آنے والے رشین احمدی دوست نورم Taibektegi صاحب کھڑے تھے۔ موصوف اپنے ایک تعلیمی پروگرام کے تحت قازقستان سے قادیان جانے کے لئے آئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی نظر جب ان پر پڑی تو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے دفتر تشریف لے گئے اور موصوف کو شرف ملاقات سے نوازا اور ان کے آئندہ پروگرام کے بارہ میں ہدایات سے نوازا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور ناظر اعلیٰ صاحب قادیان، ناظر صاحب امور عامہ، صدر صاحب خدام الاحمدیہ بھارت اور مکرم فاتح احمد خان صاحب ڈاہری انچارج مرکزی انڈیا ڈیسک لندن کو طلب فرمایا اور موجودہ نامساعد حالات کے پیش نظر قادیان اور وہاں کے ماحول اور حفاظتی انتظامات کے تعلق میں بعض انتظامی ہدایات دیں اور مختلف امور کے تعلق میں فیصلے فرمائے۔ یہ میٹنگ ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

لندن روانگی

آج تبدیل شدہ پروگرام کے مطابق دہلی سے واپس لندن آنے کے لئے روانگی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 9 دسمبر 2008ء کو خطبہ عید الاضحیٰ ارشاد فرماتے ہوئے اس واپسی کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا۔

’’قادیان کے جلسہ میں شرکت کے لئے میں انڈیا گیا تھا۔ انڈیا کے جنوبی حصہ میں تھا کہ واپسی کا بہت مشکل فیصلہ کرنا پڑا مگر جماعت کے مفاد اور خدا کی رضا کو سمیٹنے کے لئے یہ فیصلہ کیا۔ دعا کریں کہ خدا تعالیٰ اس کے نتائج کامیابی کے نکالے۔ یہ قادیان والوں اور پاکستان والوں کی بہت بڑی قربانی ہے۔ میں آپ کے درد کو پہچانتا ہوں لیکن اپنی آہیں، پکاریں اور تڑپیں خدا کے حضور پیش کریں کہ خدا جماعت کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے اور قادیان و ربوہ میں بھی جلسے ہوں اور خدا اپنے فضلوں سے نوازتا رہے‘‘۔

بارہ بجکر پانچ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے نیچے تشریف لائے۔ اپنے پیارے آقا کو الوداع کہنے کے لئے دو صد کے قریب مرد، خواتین اور بچے بیت الہادی کے بیرونی احاطہ میں اکٹھے ہو چکے تھے۔ یہ لمحات ہر ایک کے لئے بڑے ہی پُرسوز تھے۔ چہرے اداس تھے۔ آنکھیں نم تھیں، بہتوں کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ ہر ایک صبر کے دامن سے چمٹا ہوا اپنی تڑپ اور اپنا درد اور غم اللہ کے حضور پیش کر رہا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اجتماعی دعا کروائی اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو بلند آواز سے السلام علیکم کہا اور قافلہ پولیس کے Escort میں بیت الہادی سے دہلی کے اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئے رات ایک بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایئرپورٹ پر پہنچے۔ حضور انور کی کار Ceremonial Lounge کے باہر آکر رکی۔ ایئرپورٹ حکام نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور حضور انور Ceremonial Lounge میں تشریف لے آئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایئرپورٹ آمد سے قبل سامان کی بکنگ اور بورڈنگ کارڈ کے حصول کی کارروائی مکمل کی جا چکی تھی۔ امیگریشن آفیسر نے لاؤنج میں آکر اپنی روٹین کی کارروائی مکمل کی۔

لاؤنج میں قیام کے دوران آنریبل آسکر فرنانڈیز (Oscar Fernandies) مرکزی وزیر ہندوستان برائے محنت و افرادی قوت نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ مکرم نسیم احمد خان صاحب ناظر امور عامہ قادیان نے موصوف کا حضور انور سے تعارف کروایا۔

